Australian Government
AUSTRAC

FIGHTING FINANCIAL CRIME TOGETHER


# خطرات کے نظم وانتظام کا طریقۂ کار

## ترسیلات زر کی خدمات فراہم کرنے والوں کے لئے حقائق نامہ

*اینٹی منی لانڈرنگ اینڈ کاؤنٹر ٹیررازم فنانسنگ ایکٹ* **2006 (AML/CTF)** ایکٹ کاروباروں کو گنجائش دیتا ہے کہ وہ خود کو درپیش خطرات کا نظم وانتظام کریں۔ یہ ایکٹ کاروباروں پر بہت حد تک بھروسہ کرتا ہے کہ وہ درپیش خطرات کی شناخت اور ان کا نظم وانتظام کریں، لہذا کاروباروں کے لئے یہ ظاہر کرنا لازمی ہے کہ وہ اس ذمہ داری کو سنجیدگی سے لیتے ہیں۔

### طریقۂ کار کا جائزہ

خطرات کے نظم وانتظام کے طریقۂ کار کے چار اہم مراحل ہیں۔ یہ ایک لگاتار جاری عمل ہے:




1. خطرات کی شناخت کریں۔ اپنے صارفین، مصنوعات اور خدمات کا جائزہ لیں، آپ اپنی مصنوعات کی فراہمی کیسے کرتے ہیں اور آپ اپنا کاروبار کہاں کرتے ہیں۔

2. ہر شناخت شدہ خطرے کے بارے میں اس بات کا جائزہ لیں کہ اس کے وقوع پذیر ہونے کا کتنا امکان ہے اور اس کے کیا اثرات ہو سکتے ہیں۔ ان عوامل کی بنیاد پر ہر خطرے کا جائزہ لیں اور اس کی درجہ بندی کریں۔ اپنے کاروبار، وسیع تر انڈسٹری اور ساری آسٹریلوی کمیونٹی پر اس کے اثرات کا جائزہ لیں۔

3. شناخت کئے گئے خطرات کا نظم وانتظام کرنے کے لئے کنٹرولز کا نفاذ کریں۔ یقینی بنائیں کہ یہ اقدامات اور کنٹرولز آپ کے AML/CTF کمپلائنس پروگرام میں شامل ہیں۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ آپ کے کنٹرولز صرف اس صورت میں ہی مؤثر ہوں گے جب آپ کے پاس خطرات کے جائزے کا مضبوط نظام ہو گا۔

4. مسلسل اس بات پر نظر رکھیں کہ آپ کے خطرات کا نظم وانتظام کرنے میں آپ کے کنٹرولز کتنے مؤثر ہیں۔ خود کو لاحق خطرات اور اپنے کنٹرولز کا مسلسل جائزہ لینا یقینی بنائیں تا کہ آپ تبدیل ہوتے ہوئے حالات سے نبردآزما ہو سکیں۔

## ان عوامل کی مثالیں جن پر غور کرنے کی ضرورت ہے

آپ کن ممالک میں رقوم بھیجتے ہیں؟

کیا آپ دیگر ممالک کو رقوم بھیجتے اور\یا وہاں سے رقوم وصول کرتے ہیں؟

آپ ادائیگیوں کے کون سے طریقے قبول کرتے ہیں؟

کیا ٹرانزیکشنز ذاتی طور پر کی جاتی ہیں یا آن لائن؟


کیا آپ نے ٹرانزیکشن کی حد مقرر کر رکھی ہے؟

آپ کے صارفین کے ٹرانزیکشنز کرنے کے معمول کیا ہیں؟

کیا آپ کے پاس ملازمین ہیں یا آپ ساری ٹرانزیکشنز خود مکمل کرتے ہیں؟

آپ کے صارفین کہاں ہیں؟

## آپ کے کاروبار کو درپیش چند ممکنہ خطرات




## خطرات کا جائزہ

جب آپ منی لانڈرنگ، دہشت گردی کے لئے مالی معاونت اور دیگر جرائم کی وجہ سے اپنے کاروبار کو درپیش خطرات کا جائزہ لیں تو آپ کو درج ذیل چارعوامل کی وجہ سے درپیش خطرات پر لازما دھیان دینا چاہئے:

- آپ کے صارفین
- فراہمی کے طریق
- مصنوعات اور خدمات
- عدالتی دائرۂ اختیار

## خطرات کی درجہ بندی

جب آپ خطرات کا جائزہ لیں اور ان کی درجہ بندی کریں تو آپ کے جائزے میں آپ کی جانب سے فراہم کی جانے والی ہر نامزد خدمت کو درپیش خطرے کے درجے کی نشاندہی ہونی چاہئے (مثال کے طور پر: زیادہ، درمیانہ، کم)

آپ کے AML/CTF کمپلائنس پروگرام کا ایک اہم حصہ یہ ہوگا کہ زیادہ خطرے کے حامل صارفین اور ٹرانزیکشنز سے درپیش خطرے کو کم کیا جائے۔

## خطرے کا نظم وانتظام کرنا آپ کے کاروبار کی حفاظت کے لئے نہایت ضروری ہے

آپ کے کاروبار کو مجرمانہ استحصال سے بچانے کے لئے خطرات کا جائزہ لینے کا ایک مضبوط نظام، ٹرانزیکشنز کی نگرانی کا پروگرام اور AML/CTF کمپلائنس پروگرام نہایت ضروری ہے۔

**خطرات کا نظم وانتظام ایک مسلسل جاری عمل ہے۔ آپ کو اپنے خطرات کا جائزہ لینے کے عمل پر باقاعدگی سے نظرثانی کرنی چاہئے اور اسے اپ ڈیٹ کرنا چاہئے۔**

خطرات کا جائزہ لینے کے لئے آپ کا نظام تحریری ہونا چاہئے اور اسے حسب ضرورت اپ ڈیٹ کیا جانا چاہئے۔ نئی مصنوعات یا خدمات کی پیشکش کرنے سے پہلے یا موجودہ مصنوعات میں تبدیلی کرتے وقت، اگر اس تبدیلی سے خطرے کا درجہ تبدیل ہوتا ہو، آپ کو خطرات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔

خود کو درپیش ممکنہ خطرات اور آپ کی جانب سے اٹھائے جانے والے ممکنہ اقدامات کی مثالوں کے لئے ترسیلات زر کی خدمات فراہم کرنے والوں کے لئے تیار کیا گیا خطرات کی نشانیوں کا حقائق نامہ (risk indicators factsheet) دیکھیں۔

ترسیلات زر کی خدمات فراہم کرنے والوں کو ہماری اس انڈسٹری کے لئے مخصوص رہنمائی بھی یہ معلومات فراہم کرتی ہے کہ AML/CTF پروگرام کیسے تشکیل دیا جائے۔

مزید معلومات کے لئے **austrac.gov.au/remittance-service-providers** پر جائیں۔

D1014